


وربک یخلق ما یشاء ویختار
بانضمام جداول موضوع تاثیرات در جمیع حرکات و سکنات دیباچه
اسباب السرور لاصحاب الحبور
از تالیفات خادم المصنفین محمد خیر الدین اناره الله حقیق المحبین
در مطبع دهلی المطابع دهلی طبع شد

مریدانِ صادقین سالکانِ طریقِ یقین بعض امور کہ موجب
نسیان وہم وغم وفور عند اولی الابصار ہین ÷ اور
باعثِ تنگیٔ رزق وافلاس اور سببِ کوتاہی عمر واغلاس
بلا انکار ہین ÷ زبرجہرہ فخام کتب ائمہ عظام سے
بحذفِ اسناد وبطورِ تعدادِ ان اوراق مین نگارہین ÷
اور اس اختصار وشمار سے لاریب یہ ہے مرام +
کہ ادعیۂ دافعۂ نسیان وفقر والم اور رافعۂ قصر عمر وہم وغم
جو اور اذخیورتیہ مین مذکور ہین لا کلام + وہ بمنزلہ دوا
ہین اور یہ امور بمنزلہ احتما ہین عند الفہام + اور دوا
یعنی پرہیز



بسم الله الرحمن الرحیم

ای آنکه همیشه بیکسان را تو کسی
هر کس بکسی نازد و ما را تو بسی

بعد تحمید ایزد غفار و نعت حبیب المختار و منقبت
آل الاطهار خاطر صدق مآثر عقیدت کیش سعادت
اندیش پیش شهود مشهود شود که حسب استدعای

علی المسالک السدید شرح اللہ صدرک باسرارہٖ و

نوّر فکرک ما نواسرہٖ کہ قدرتِ کاملہ الٰہیہ اور حکمت شاملہ

ربانیہ سے ہر ایک فعل ودودوا اور قول واحتما اور ہر ایک

حرکت وسکون اور ہر ایک نظرِ عیون اور ایسا ہی سائر

خلقِ ماکان وماسیکون میں ایکنوع قوتِ فعلیہ و انفعالیہ

کی تاثیر ہے + کیونکہ ہر ایک خلقِ خلائق عرشیات و

فرشیات مع الحرکات وسکنات و استوار و اعوجاج

وہیئات واقوال وافعالِ مذمومہ و ممدوحات باہمہ

تاثیرات خبیثہ وطیّبات مظہرِ ظاہرہ و مناظر ہر ایک صفت

بدونِ احتما بیکار ہے نزدِ حکمائے کرام + پس مُریدانِ
قُرّۃ العینین طالبانِ عافیتِ دارین کو لازم والزم ہے
علی الدّوام + کہ دوامع الاحتما استعمال ہین لاوین بصد
اہتمام + تاکہ مرضِ ہم ظلمتِ جَان اور کوتاہیئے عمر ونسیان
اور تنگیئے رزق وافلاسِ دوجہان سے شفا پاوین
بفضلِ ملکِ علّام + اور چونکہ معتقدینِ عاملین کو دیگر
دلیل وسند درکار نہین + لہذا تجبیرِ اسنادِ منیر وتطویل
تسوید وتحریر سزاوار نہین + واللہ الہادی وعلیہ
اعتمادی ثم اعلم ایہا المرید السعید والسالک

اُسپر ناپدید ہے + اگرچہ وہ ظاہر مین صورت علماے
اما نہ اُسمین سیرت عرفان ورثا ہے + اگرچہ وہ اہلِ
فضیلت وخیر ہے + اما فضلِ ادراکِ سرّ امر ونہی غیر ہے
پس دو صد و یک امور جو انشا اللہ الغفور + عنقریب
ہونگے مذکور + جو شخص اُنمین قوتِ عقل سے فکر و تامل
فرماوے + اور سرّ منعِ بعض امور اُسکے ادراکِ ذہن
مین نہ آوے + تو لازم کہ صراط ما ادری پر مستقیم ہو +
اور زراطِ فوق کُلّ ذی علمٍ علیم پر مستقیم ہو + اور حدیث
ما غسلوا اما تغسلون داخل الا دار + جو دفع عین عائن

واسم ربِّ قدیر ہے + اور جو اعتقاد عدم ظہور تاثیر
مذکور ہے + وہ مُبطلِ مظہرِ صفت واسم آلہی از بسکہ پُر
شرور ہے + اور جو اسرارِ کارِ پروردگار ہین + وہ
لاریب جناب سیّدِ مختار پر آشکار ہین + اُنپر درود
نامعدود رب ودود دلیل ونہار ہین + اور جو اسرارِ
فعل وقول حبیب کردگار ہین + اُنسے ماہر آلِ اطہار
وعلماے کبار ہین + کہ العلماء ورثۃ الانبیاء وارثانِ
ورثۂ نبوت بلا انکار ہین + اور جو شخص مقامِ ورثۂ
عرفان نبوت سے بعید ہے + بیشک منہ قول وفعل نبی

نہ مطابقِ عقل ہے + تو ہر نقل مین نہ عقل کو دخل ہے +
بسا جائے پر عقل پیشِ نقل بیکار ہی + ہر نقل مین دخلِ عقل
سے کفر سزاوار ہے + ه

نصوصِ شریعت سے ہے یہ کلام	ند و عقل کو دخل تم ای فہام
کہ شرعِ نبی دینِ اسلام ہی	نہ ہر جائے پر عقل کا کام ہی
کوئی نقل مین دخل دی عقل کو	تو لاریب گمراہ وہ زشت خو
نہ ہر جای مرکب تو ان تاختن	کہ جاہا سپر باید انداختن

واخرج مسلم من حدیث ابن عباس مرفوعًا ان العین
حق ولو کان شیئ سابق القدر سبقته العین ۱۰ ۱۲

کے لیے مسلم مین ہے نگار + اور اخبار تفاؤل وتسویہ

تخلیق پروردگار + اور قصہ ناخن تراشیے ابن حاجب

علامہ روزگار + روز چہارشنبہ جو ثابت ہے عند اولی الابصار

اور شنبہ وچہارشنبہ کو ممانعت نکالنے خون کی جو حدیثون

سے ہے آشکار + اور حدیث حضرت حسن بصری علیہ

رضوان اللہ الغفار + کہ کَنسُ الفِنَاءِ وَغَسلُ الاِنَاءِ

مُجلِبُ الغِنَاءِ جو احوذی مین ہے بلا انکار + ان سب

احادیث موصوفہ کو یاد فرماوے + قلب منقلب اور

خاطر مضطرب کو تسکین مین لاوے + کہ ہر نقل

يده اليسرى فيصب على مرفقه الايمن واحدة ثم
يدخل يده اليمنى فيصب على مرفقه الايسر صبة
واحدة ثم يدخل يده اليسرى فيصب على
قدمه اليمنى واحدة ثم يدخل يده اليمنى فيصب
على قدمه اليسرى صبة واحدة ثم يدخل يده اليسرى
فيصب على ركبته اليمنى ثم يدخل يده اليمنى فيصب
على ركبته اليسرى صبة واحدة فيها ثم يغسل
داخلة ازاره ولا يوضع القدح بالارض حتى
يفرغ ثم يصب ذلك الماء المستعمل على راس المصاب

استعملتم فاغسلوا اى وجوبا وهو الاصح قال

ابن الاثير فى النهاية رحمه الله بغاية العناية

كان من عادتهم ان الانسان اذا اصابته العين

من احد جاء الى العائن بقدح فيه ماء فيدخل

كفه فيه فيتمضمض ثم يمجه فى القدح ثم يأخذ

منه ماء يغسل وجهه فى القدح مرة واحدة ثم

يدخل يده اليسرى فى القدح فيصب على يده

اليمنى صبة واحدة ثم يدخل يده اليمنى

فيصب على يده اليسرى واحدة ثم يدخل

لم يعقل معناه والرد على المتفلسفي اظهر لان عنده

ان الادوية تفعل بقواها بالخاصية فيها فليكن

ذلك على قوله مثله قال العلامة ابن القيم رحمه الله الاكرم

لا ينتفع بذلك من انكره ولا من سخر به ولا من

شك فيه او فعل مجربا غير معتقد واذا كان

في الطبيعة خواص لا يعرف الاطباء عللها

بل هي عندهم خارجة عن القياس وانما تفعل

بالخاصة فما الذي للجهلة ينكرون الخواص الشرعية

هذا ملتقط من كتاب نجم المبين لرجوم الشياطين

بالعين من خلف صبة واحدة فيبرأ باذن الله تعالى
انتهى كلام النهاية قال العلامة المازرى فى شرح
مسلم رحمه الله تعالى وهذا المعنى مما لا يمكن تعليله
ومعرفة وجهه من جهة العقل فلا يرد لكونه لا يعقل
معناه وليس فى قوة العقل الاطلاع على اسرار
جميع المعلومات قال ابن العربى رحمه الله الولى
ان توقف فى مثل هذا متشرع قلنا الله ورسوله
اعلم لانه من الاحكام التعبدية وقد عضدته
التجربة وصدقته المعاينة فوجب قبوله وان

لگانے والے کہ پاس جاوے فی الفور + اور ایک پیالہ پانی
کا دھر کر اوسکے آگے لیجاوے + اور نظر لگانے والا اوس پیالہ
سے ایک چلو پانی کا اوٹھاوے + اور اوسے کلی کرکے
اوسی پیالہ مین گراوے پھر عائن اوس پیالہ کے پانی سے
منہ دھووے ایکبار + اور منہ کا پانی پیالہ مین گراوے
بلا انکار + پھر بائین ہاتھ سے سیدھے ہاتھ پر پانی
ڈالے بلا تکرار + پھر سیدھے ہاتھ سے بائین ہاتھ پر
پانی ڈالے اے ہوشیار + پھر بائین ہاتھ سے
سیدھی کہنی پر پانی ڈالے بالضرور + پھر سیدھے ہاتھ سے

یعنے صحیح مسلم مین ایسا مسطور ہے * حدیث مرفوع عبداللہ
بن عباس سے مذکور ہے * کہ تاثیر چشم بد کی ثابت ہے
بالضرور * اگر کوئی چیز قضا و قدر پر غالب ہوتی بے فتور *
تو نظر بد اوسپر غالب ہوتی اے ذی شعور * پس جبکہ دفع
نظر بد کیلئے اعضاؤن کو دھوتے ہو تم علی الدوام * ویسا ہی
دھواو ریہ عمل بجالاؤ از روئے وجوب لاکلام اور ترکیب
اوس عمل کی نہایہ ابن الاثیر مین اسطور ہے نگار * کہ جسکی
رخصت جناب رسول کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے فرمائی
آشکار * کہ جسکو کسی شخص کی نظر لگے کسی طور * پس وہ نظر

اُسی وقت وہ نظر سے شفا پاوے بیگمان پھر اسکے بعد
شرح مسلم مین مذکور ہے + اور وہ شرح علامہ مازری رح
کی مشہور ہے + کہ دریافت کرنا علت اس عمل کی غیر ممکن
ہے عند ذوی العقول + اور معرفت اوسکے دلائل
کی ممنوع ہے نزدِ فحول + پس عملِ مذکور سے نہ کیا
جائے انکار + بہ سبب عدم ادراکِ عقلِ عقلائے
نامدار + کیونکہ قوتِ عقل مین نہین ہے ادراکِ جمیع
اسرار + جو ہمہ مخلوقات کے حرکات و سکنات مین
ہین لیل و نہار + تاثیراتِ ہمہ افعال و اقوال سے

پانی ڈالے بائین کہنی پر باسرور + پھر بائین ہاتھ
سے پانی ڈالے سیدھے قدم پر بلا فتور + پھر سیدھے
ہاتھ سے پانی ڈالے بائین قدم پر اسے ذی شعور +
پھر بائین ہاتھ سے پانی ڈالے سیدھے گھٹنے پر بالیقین +
پھر سیدھے ہاتھ سے پانی ڈالے بائین گھٹنے پر اسے
امین + پھر عانہ دھووے داخلِ ازار + اور عمل
مذکور مین پیالہ زمین پر نہ رکھا جائے زینہار + پھر
وہ آب مستعمل پیالہ بالتمام + معیون کے سر پر پسِ پشت
سے ڈالا جاوے اے فہام پس انشاء اللہ الرحمان +

موجبِ شفا ہوا ہے بلا انکار + پس واجب ہوا اوس عمل
کو قبول کرنا نزدِ ائمۂ کبار + اگرچہ حقیقت اوسکی عقلِ عقلا پر
نہ ہو آشکار + اور اگر منکرِ شریعت فلسفی ظاہر کرے انکار
تو اوسکا رد زدیہ ہے اے ہوشیار + کہ ادویۂ اپنی
قوت خاصہ سے ظاہر کرتی ہین آثار + اور تاثیرِ ادویہ
کا وہ منکر قائل ہے بصد اقرار + پس عملِ مذکور مثل ادویۂ
مؤثر ہے بصد اعتبار + اور علامۂ ابن قیّم رحمہ اللہ الاکرم نے
ایسا فرمایا ہے + لاریب حقِ حقیق نزدِ اہلِ تحقیق اظہار مین
آیا ہے + کہ جو شخص منکرِ عمل مذکور ہے + یا اوسپر تمسخری کرنا اوسکا

خوب ماہر ہے وہی پروردگار + فلہذا علامہ ابن عربی
رحمہ اللہ الولی سے اسطور ہے نگار + کہ اگر متوقف ہو عمل
مذکور مین کوئی دیندار + یا مثل اسکے جو عقل مین نہ آوی
کوئی دیگر کار + تو اوسکا جواب باصواب یہ ہے
عند اولی الابصار + کہ یہ عمل احکام تعبدیہ سے ہے عقل
کو اوسمین دخل نہین زینہار + اللہ تعالی اور اوسکا
رسول مقبول ہے دانائے اسرار + اور تحقیق اس عمل کا
تجربہ ہے مددگار + اور صداقت اس عمل کی مشاہدہ
مین آئی ہے بار بار + یعنے وہ عمل صدہا شخص کے لیے

مذکور ہے + اور کتب معتبرہ سے مفصلاً وہان مسطور ہے
اور تاثیر قیود عملیات کو بھی دیکھنا سزاوار ہے + جو
عمل حیدری تفسیر عزیزی اور دیگر قیید قول الجمیل مین بلا
نگار ہے + اور روح البیان مین ایسا نگار ہے مفصلاً
نجم المبین مین آشکار ہے کہ ان الملابس اذا فصلت
وخیطت فی وقت ردی اتصل بها خواص ردیئة
وکذا الامر فی باب الماکل والمشارب وکذلک ما
ورد النبیه علیه فی الشریعة من شوم المرأة
والفرس والدار وشهدت بصحة التجارب المکررة

دستور ہے + یا وہ عمل مشکوک نزدِ اہل زور ہے + یا از روئے
تجربہ کسی سے اوسکا ظہور ہے + یہ چار شخص اوس عمل کے
فائدہ سے محروم ہین + بسببِ انکار و شک بسیار وہ مذموم
ہین + اور جبکہ طبیعت مین اِسطور خواص ہین بلا امتراء کہ
اُنکی علتین نہین پہچانتے حاذقین اطبا + بلکہ وہ نزدِ حکما
خارج ہین قیاس سے علی الدوام + اور حال یہ کہ تحقیق
وہ بالخاصہ عمل کرتے ہین عند الفہام + پس کیونکر منکر
ہوتے ہین جاہلین مضلین + اون خواصِ امور شریعت
کے جو ثابت ہین بالیقین + یہ مضمون مجمل نجم المبین سے

اور نحوست انکی متحقق ہوئی بارہا تجربات مین + تو یہ سب
چیزین نہایت خاصیت رکھتی ہین مضرات مین + کہ
اُس کپڑے کے پہرنے غذا کو کھانے عورت کو نکاح کرنے
اور گھوڑے کو خریدنے اور گھر منحوس مین رہنے والے
کے ظاہر و باطن اخلاق و صفات مین + پیدا ہوتی
ہے بسبب انکے ایسی آلودگی دل اور روح کی ذات مین
کہ شمار کیا ہے اُسکو شرع نے نجاسات و مکروہات مین
پس معتقد عاقل کے لیئے یہ اندک تمثیل بسیار ہے + اور م
غافل کے نزدیک دفتر دلیل بھی بیکار ہے + واللہ المستعان وعلیہ التکلان

فان الجميع هذه فی بواطن اکثر الناس بل و فی
ظواهرهم ایضا خواص مضرة تتعدی من بدن
المعتدی والمباشر والمصاحب الی نفسه و فی اخلاقه
وصفاته فتحدث بسببها للقلوب والارواح
تلوینات هی من اقسام النجاسات وقد نبهت الشریعة
علی کراهتها ملخص مرام اس کلام سے یہ ہے کہ جو
کپڑے قطع کیئے یا سیئے جاوین منحوس اوقات مین + اور
ایسا ہی امر نحوست ہے ماکولات و مشروبات مین +
اور نحوست عورت و گھوڑے اور مکانات مین +

نہین سزاوار ہے۔ عورت گھر گھوڑا اور سائر جانوران
نہ موجبِ نحوست و سعادت ہین نہ سببِ نفع و زیان
عقدِ نکاح کیلیئے ہمہ شہور و ایّام و ساعات برابر ہین یکسان
اور اسیطرح سائر امور کیلیئے مساوی ہے ہر ایک زمان
نہ سفر کیلیئے طلبِ تخصیصِ زمان درکار ہے۔ نہ قطع برید
و پوشش جامہ نو کیلیئے طلبِ تخصیصِ وقت سزاوار ہے
شنبہ و جمعہ سب کار کیلیئے برابر ہین علی الدوام
شنبہ و دوشنبہ ہر کار کیلیئے فضیلت مین یکسان
ہین لاکلام۔ پس طلبِ تخصیصِ وقت علمائے ماہرین

اى عزيز وا قرتميز اس مقام مين بسا شبهات کرتے ہين منکرين
اور اس مرام مين بهت اعتراضات لاتے ہين معترضين + كه
ہمه روز وساعات + اور تمام شہور واوقات + اور سائر اشيا
وانسان + اور جمله اطراف زمين و آسمان مخلوقهٔ پروردگار ہين
فضيلت مين برابر بلا انکار ہين + نه وه ہرگز مظاہر اسرار ہين
نه مناظر انوار کردگار ہين + تاثير مين برابر بحيثيت اطوار
ہين + نه وه محال سعد ونحس نہار ہين + پس کسی کار
کيليے تخصيص وقت دريافت کرنا بيکار ہے + اور
کسی وقت کو کسی کار کيليے نحس و سعد سمجھنا ہرگز

پس اسکا جواب باصواب کتاب نجم المبین
لرجم الشیاطین مین مذکور ہے ؛ اوسکے
آٹھوین جلد اڑتالیسوین باب مین مفصلاً مسطور ہے
اور لبّ لباب فی ھذا الباب یہ ہے عند اولی الالباب
کہ حق تعالی کے پیدا کرنے سے ہمہ عوالم کو عند اولی الابصار
ہر چیز کی تاثیر مساوی ہونا لازم نہین آتا زنہار ؛ اور
سعادت و نحوست مین برابر ہونا نزدِ ذوی الاذکار
پس فضیلت مین ہمہ چیز ہرگز برابر نہوگی تا روزِ شمار ؛
کسی چیز کو حق تعالی نے بزرگی سے سرفراز کیا ؛ اور کسی

سے بہر آغازِ امور + لاریب پیشۂ ہنودِ مشرکین
ہے نزدِ اہلِ شعور + وہ پنڈتون اور برہمنون سے
پوچھتے ہین باسرور + اور یہ کلمہ گو مولوی ملاّ کو پنڈت
برہمن بناتے ہین بالضّرور یہ سعد و نحس کے پوچھنے والے
اور وہ مولوی ملاّ بتانے والے سب شرک مین گرفتار
ہین + اِنکو خدا پر توکّل نہین یہ مشرکین شرک مین مبتلا
لیل و نہار رہین + اسیطرح بہت ہزیانات و خرافات
ظاہر کرتے ہین وہ مخالفین + اور عوام کالانعام کو وسوسا
اندازی اور جعلسازی سے بیشک بناتی ہین ضالین +

مضلّین ہے + آگ مین پانی کی تاثیر خیال کرنا کارِ
حمقائے مجانین ہے + جو چیز ماکولات و مشروبات
آدمی کھانے پینے مین لاتا ہے + تو حق تعالیٰ اوسّے
طرح طرح کی چیزین مع اختلاف تاثیر اظہار فرماتا ہے
مثلاً آنکھون مین آنسو ناک مین رینٹ منہ مین تھوک
پستان مین دودھ شیرین + اسیطرح بدنمین پسینہ معدہ
اور مثانہ مین بول و براز بالیقین + اور ہر ایک چیز
کی ان اشیائے مذکورہ سے تاثیر و حکم جدا جدا ہے
آشکار + اور لاریب یہ اوسکی قدرتِ کاملہ اور حکمت

چیز کو بزرگی سے لابد یا انداز کیا + سنکھیا مین ہلاکت کی
تاثیر ہے + اور شہد مین شفائے بے نظیر ہے + شکمِ نحل
جائے شہد شیرین ہے + اور شکمِ زنبور جائے زہر
آگین ہے + حالانکہ غذا دونو کی ایک ہی بالیقین ہے +
کستوری اور زعفران مین خوشبو اور قوّتِ تام ہے +
اجوائن اور بادیان باد بُر لا کلام ہے + اجوین اور بادیان
کی جائے پر کستوری استعمال کرنا کارِ جاہلین ہے + اور
ہر چیز کو اپنی جائے پر استعمال کرنا پیشۂ اطبائے حاذقین
ہے + سمّ الفار مین شہد کی تاثیر تصوّر کرنا کارِ جہلائے

يوم مكر وخديعة وان قريشا مكرت فيه
دار الندوة ولا يقطع الباس يوم السبت والاحد
والثلاثاء وسئل عن يوم الاحد فقال يوم
غرس وعمارة لان الله تعالى ابتداء فيه خلق الدنيا
وعمارتها وبنيت الجنة فيه وغرست وسئل
عن يوم الاثنين فقال يوم سفر وتجارة وان
فيه سافر شعيب فربح فى تجارته وسئل عن
يوم الثلاثاء فقال يوم دم وان فيه حاضت
حوا وقتل ابن آدم اخاه وقتل فيه جرجيس

شامل کا دائم ہے اظہار + کہ ایک طاہر چیز سے پاک و پلید چیزین طاہر کرتا ہے بلا انکار + پس سب اشیاءِ مسطورہ کو تاثیر و حکم مین نزدِ علمائے نامدار + مساوی تصوّر کرنا جہالت وضلالت ہے بے شمار + قال العلامۃ ابن النقیب رحمہ اللہ المجیب باسنادہ الجید المنیر فی تفسیرہ المسمّٰی بالتحبیر + وایضا قال فی روح البیان + وغیرھما من زبر اھل الاتقان + قد سئل النبی علیہ الصلوٰۃ والسلام + وعلی آلہ واصحابہ البررۃ الکرام + عن یوم السبت فقال

ابتلی ایوب علیه السلام وقال بعضهم ابتلی فی
یوم الاربعاء وسئل عن یوم الاربعاء فقال یوم
نحس وان فیه اغرق فرعون وقومه واهلك
فیه عاد وثمود وقوم صالح ونهی فیه قص الاظفار
لانه یورث البرص وکرهت عیادة المریض یوم الاربعاء
وعن ابن عباس رضی الله عنهما مرفوعا الاربعاء الاخر
فی کل شهر یوم نحس مستمر وسئل عن یوم الخمیس
فقال یوم قضاء الحوائج والدخول علی السلطان
وان فیه دخل ابراهیم الخلیل علیه الصلوة

وزکریا ویحیٰ ولده علیهم الصلوة والسلام وسحرة
فرعون وآسیة بنت مزاحم امرأة فرعون ومن
ذبحت البقرة لاجله فی بنی اسرائیل ونهی النبی
علیه الصلوة والسلام عن الحجامة یوم الثلاثاء
والاربعاء اشد النهی وقال فیهما ساعة لا یرقاء
فیها الدم ای لا ینقطع اذا احتجم او فصد وربما
یهلك الانسان بعد انقطاع الدم وفیه نزل
ابلیس الی الارض وفیه خلقت جهنم وفیه
سلط الله ملك الموت علی ارواح بنی آدم وفیه

قال حضرة الشيخ صدر الدين قدس الله سره المبين

في شرح الاربعين حديثا وللازمنة والامكنة

في محو السيئات وتغليب طرف الحسنات وامدادها

والتكفير والتضعيف مدخل عظيم وقد وردت

احاديث دالة على فضيلة شهر رمضان وعشر

ذي الحجة وليلة النصف من شعبان وان الصلاة

في المسجد الحرام بمائة الف وفي مسجد النبي عليه الصلوة

والسلام بالف وفي مسجد الاقصى بخمسمائة و

كلها دالة على شرف الازمنة والامكنة وفضل الله

والسلام على ملك مصر فقضى حاجته واهدى
اليه هاجر وسئل عن يوم الجمعة فقال يوم نكاح
نكح فيه ادم حوا ويوسف زليخا وموسى بنت
شعيب وسليمان بلقيس ونبي عليه الصلوة
والسلام خديجه وعائشة رضي الله عنهما وعن
ابن مسعود رضي الله عنه من قلم اظفاره يوم الجمعة
اخرج الله منه داء وادخل فيه الشفاء فالظاهر
ان الله تعالى خلق اجزاء الزمان والمكان على
تفاوت وكذا سائر الموجودات كما لا يخفى نعم

کہ وہ روز مکر و فریب کا ہے کیئے جاتے ہین اوسین
مکروہ کار ✤ اور مکانِ دار الندوہ مین اوسی روز
مشرکانِ اشرار ✤ مشورت کیا کرتے تھے بہرِ اذیّتِ
حبیبِ کردگار ✤ اور نہ قطع کیا جائے لباس روز شنبہ
و یکشنبہ و سہ شنبہ مین زینہار ✤ اور پوچھا سائل نے آپ
سے یکشنبہ کی تاثیر ✤ تو فرمایا کہ وہ روز درخت لگانے
اور عمارت بنانے کا ہے اے خبیر ✤ کیونکہ حق تعالیٰ نے
عمارت دنیا کی اوس روز کیا آغاز ✤ اور اوسی روز
جنت کو پیدا کیا اور درختون سے اوسکو کیا سرفراز

الاشهر والایام والاوقات بعضها علی بعض
کما فضل الرسل والانبیاء والامم بعضها علی
بعض لتبادر النفوس وتسارع القلوب الی احترامها
هذا ملتقط من کتاب نجم المبین لرجم الشیاطین
یعنی محدّث ابن النّقیب کتاب تحبیر مین اپنی سند
صحیح سے روایت کرتے ہین یہ حدیث مختار ✦ اور تفسیر
روح البیان وغیرہ کُتب اہلِ ایقان مین بھی یہ حدیث
ہے نگار ✦ کہ تاثیرِ روز شنبہ کی پوچھی گئی جناب
رسولِ کریم سے علیہ صلوۃ اللہ الغفار ✦ تو فرمایا آپنے

ہوا اوّل بار + اور اوسی روز قتل کیا گیا جرجیس و
زکریا و یحیائے نامدار + اور حضرت بی بی آسیہ
اور جادوگرانِ فرعون ستر ہزار + اور شبِ سہ شنبہ
کو بنی اسرائیل مین قتل کیا گیا وہ دیندار + کہ جسکی
خاطر زردگائے ذبح کی گئی اور یہ قصّہ قرآن مین ہے
آشکار + اور نہایت منع فرمایا جناب رسول کریم نے
علیہ الصلوٰۃ والسلام + خون نکالنے سے روز سہ شنبہ
و چہارشنبہ مین اسے فہام + اور فرمایا کہ اون
دنون مین ایک ایسی ساعت ہے بالیقین + کہ اوس مین

اور تاثیر روزِ دوشنبہ کی پوچھی سائل نے بصد انکسار + تو فرمایا آپنے کہ وہ روز سفر و تجارت کا ہے بہ مشیّتِ پروردگار + اور شعیب علیہ السلام نے اوسی روز سفر کیا اختیار + تو اونکو تجارت مین حاصل ہوا نفع بسیار + اور پوچھا سائل نے روز سہ شنبہ کی تاثیر کیا ہے اے حبیب غفور + تو فرمایا آپنے کہ اوس روز خون جوش مارتا ہے بالضّرور + لہذا اوسی روز حضرت حوّا کو خونِ حیض ہوا نمودار + اور اوسی روز قابیل سے قتل ہابیل دنیا مین ظاہر

سائل نے کہ کیا ہے تاثیرِ چہارشنبہ اے سیّدالانام

تو فرمایا آپنے کہ وہ روزِ نحوست ہے مبداءِ نحسِ تام +

اور اوسی روز غرق ہوا فرعون بے عون باہمہ اقوام +

اور ہلاک ہوا عاد و ثمود اور قوم حضرتِ صالح علیہ السّلام

اور روز چہارشنبہ مین ناخن تراشی سے منع فرمایا بالاہتمام

کہ تحقیق اوسّے پیدا ہوتی ہے مرضِ برص اور جذام +

اوس روز اور اوسکی شب کو ممنوع ہے بیمار پُرسی اے

نیکنام + اور سیدنا ابن عباسؓ سے یہ حدیث مرفوع

ساری ہے + کہ روزِ چہارشنبۂ آخرِ ہر ماہ مین نحوست

خون ہرگز بند نہین ہوتا اسے دور بین + اور اسیا
وقت ہلاک ہوتا ہے آدمی بعد انقطاع خونِ مذکور
اور اوسی روز آسمان سے زمین پر نازل ہوا ابلیس
اہلِ غرور + اور اوسی روز پیدا کی گئی جہنم مرجعِ اہلِ
شرور + اور اوسی روز حق تعالیٰ نے مسلط کیا
ملک الموت کو بالضرور + قبضِ ارواحِ بنی آدم
پر بلا فتور + اور اوسی روز صدماتِ سماویّہ مین مبتلا
ہوئے ایوب علیہ السّلام + اور بعض روایات مین
روزِ چہارشنبہ کو مبتلا ہوئے لاکلام + اور پوچھا

آدم علیہ السلام کا حضرت حوا سے نکاح ہوا بے قیل و
قال + اور حضرت یوسف کا بی بی زلیخا سے اور حضرت
موسیٰ کا بی بی صفورا سے اسی خوش خصال + اور حضرت
سلیمان کا بلقیس سے اور حبیب خدا کا بی بی خدیجہ و عائشہ
سے علیہم الصلوۃ فی کل حال + اور حضرت ابن مسعود سے
بطور حدیث ہے مذکور + کہ جو شخص بعد نماز جمعہ ناخن
تراشے با سرور + تو بیماری کو اوس سے خارج کرے ایزد غفار
اور داخل کرے اوس میں صحت و شفائے بسیار + پس حدیث
مذکور سے ہویدا ہوا + سائر تحریر سے از بسکہ پیدا ہوا

استمراری ہے + اور پوچھا سائل نے روز پنجشنبہ
کی تاثیر + تو فرمایا آپنے کہ روز قضائے حوائج ہے
بلا تقریر + اور وہ روز ملاقاتِ سلاطین ہے +
موجبِ حصولِ مرادات بالیقین ہے + اور تحقیق
اوسی روز پادشائے مصر سے حضرت ابراہیم علیہ السلام
نے کیا ملاقات + تو اوسنے آپ کو بی بی ہاجرا ہدیہ
دیا اور برآئی ہمہ مرادات + پھر روز جمعہ کی تاثیر سے
سائل نے کیا سوال + تو فرمایا آپنے کہ وہ روز نکاح
و شادی ہے بمدد اللہ المتعال + اور اوسی روز

جیسا کہ احادیث صیحہ اور آیات صریحہ سے ثابت ہے

فضیلتِ شہر رمضان + اور فضیلتِ عشرۂ ذی الحجہ اور شب

برات نصف شعبان + اور شبِ قدر افضل و اجل ہے

الف شہر سے بانصّ حضرتِ فرقان + اور زمین حرم مکہ

معظمہ مین ایک نیکی کا ثواب ہزار صد ہزار + اور مدینہ

منورہ مین ایک نیکی کا ثواب ایک ہزار ہے ازروے

شمار + اگرچہ یہ ہزار اوس لاکھ سے بہایت افضل و اکمل

ہے عند اولی الابصار + اور بیت المقدس مین ایک

حسنہ کا ثواب پانسو نیکی ہے بلا انکار + اور تفاوت

کہ تحقیق حق تعالیٰ نے بالطف واحسان + پیدا کیا ہے
اجزائے زمان + اور تمام قطعاتِ مکان + تاثیر مین متفاوت
ہین بیگمان + اور ایسا ہی پیدا کیا سائرِ مخلوقات کو اے
نیکدان + تاثیر و مراتب مین متفاوت بالبرہان +
اور یہ امر ہرگز پوشیدہ نہین نزدِ اہلِ عرفان + اور
شرح احادیث اربعین مین ایسا مسطور ہے +
اور یہ شرح حضرت صدرالدین قدس اللہ سرہ المبین
یعنے قونوی ۱۲
کی مشہور ہے + کہ زمان ومکان کو محسوسیات مین مدخل
عظیم ہے + اور مزید ثوابِ حسنات مین امدادِ فخیم ہے

مکان کے علی الدّوام + واسطے بجالانے نیک کار کے
اشوقِ ذوقِ تمام + تاکہ وہ نیک کار نیک اوقات
مکانات مین باحسنِ وجہ انجام پائے + اور یہ بندہ اور
یک کار سے بخیر و خوبی حظّ و للّذا و ٹھائے + اور مقربان
بنابِ الٰہی مین داخل ہو جائے + رضائے الٰہی اور
شنودیئے سیّدِ پناہی حصول مین لائے + اور وہ
زمانِ سعید اور مکانِ حمید اوس فعل سدید سے شرافت
رفضیلت پائے + اور وہ نیکو کار سعادت شعار نحوست
مکانِ زمان سے محفوظ ہو + اور دائم عینِ عنایت

مذکورسے فضیلت و شرافتِ مکان و زمان ہے آشکار
کیونکہ حق تعالیٰ نے بعض مہینوا ور دنوا ور وقتون
اور مکانون کو اسے فہام + فضیلت دیا ہے بعض
مہینوا ور دنوا ور وقتون اور مکانون پر لا کلام + جیسا
کہ بعض رسولون اور نبیون اور اُمتون کو علیہم الصلوٰۃ والسلام
بعض رسولون اور نبیون اور اُمتون پر فضیلت دیا ہی باجماع
ائمہ عظام + اور یہ تفاوتِ زمان و مکان اسلیئے ہویدا ہو بلطف
اپنے دمِنان کہ نہایت رغبت کرین نفوسِ خواص و عوام + اور
جلدی مائل ہون قلوبِ عباد اللہ العلّام + طرفِ نیک زمان

مقناطیس بلا امترا ہے + خیر و برکت اوسپر موقوف
بے چون وچرا ہے + لہذا شریعت نے تسمیۂ نیک حق
اولاد + والدین پر لازم کیا ہے نزدِ اہلِ سدادؐ
اور شارع نے بسا نام کو متغیر فرمایا آشکار + کہ تاثیر
نام سے مسمّٰی فائز ہوتا ہے بلا انکار + چنانچہ یہ حدیث
موطائے امام محمد رحمہ اللہ میں مرقوم ہے + لطافت
اوسکی نزدِ اہلِ قلبِ سلیم ازبسکہ معلوم ہے + کہ ان النبی
صلی اللہ علیہ وسلم قال للحقۃ عندہ من یحلب ھذہ
فقام رجل فقال لہ ما اسمک فقال مرۃ قال اجلس

خدا اور زینِ حمایتِ مصطفا سے ملحوظ ہو + کتاب

بخم المبین سے یہ چیدہ بیان ہے + رجم الشیاطین کیلیے

یہ کافی و وافی بیگمان ہے + اے محبِّ صادق و

صدّیقِ حاذق ہر ایک زمان و مکان اور نام + ہر ایک

فعل سے مناسبت رکھتا ہے لاکلام + اور اوس مناسبت

سے ماہر ہین عارفانِ خدائے قدیم + اور یہ مناسبت

قرآن و احادیث سے ثابت ہے بطرزِ سلیم + نام

کو کام مین ازبسکہ دخل بسیار ہے + محبت و طاعت

بغض و شناعت کا نام پر مدار ہے + نام کی تاثیر مثلِ

نہین یہ تیرا کام + پھر فرمایا آپنے کہ کون اِس ناقہ کا دودہ
دوہیگا اے فہام + پس استادہ ہوا دوسرا شخص کہ
اوسکا نام حرب تھا آشکار + پس فرمایا آپنے کہ بیٹھ تو
تیرے لائق نہین یہ کار + پھر استادہ ہوا یعیش نام
ایک نیکوکار + تو اوسکو فرمایا آپنے کہ یہ خدمت تیرے
لیئے ہے سزاوار + پس یعیش وہ خدمت باشوق و
ذوق بجالایا + اور اوسکی عظمت حق سبحانہ تعالی شانہ
سے پایا + اے لبیب نیکوکار روے اریب
سعادت شعار + مرّہ کا معنے تلخی ہے اور حرب کا


ثم قال من یحلب ھذہ الناقۃ فقام رجل فقال
ما اسمک قال حرب قال اجلس ثم قال من یحلب
ھذہ الناقۃ فقام اٰخر فقال ما اسمک قال
یعیش قال احلب انتھی + یعنے ایک روز حاضرانِ
مجلس کو فرمایا جناب رسولِ مقبول نے علیہ الصلوٰۃ
والسلام + کہ کون اس اونٹی کا دودہ دوہیگا تو استادہ
ہوا ایک شخص باالاہتمام + پس اوسکو فرمایا آپ نے
کہ کیا ہے تیرا نام + تو اوسنے عرض کیا کہ میرا نام مُرّہ
مشہور ہے بین الانام + تو فرمایا آپنے کہ بیٹھ تو ہرگز

مناسبت کا انکار کرتے ہین وہ لئام+ مثلِ شادیئے
عقدِ نکاح اور بنائے دار+ اور سفر بحر و بر اور ختنائے
فرزند نور الابصار+ اور قطع و پوشش جامۂ نو اور
آغازِ دوا و قصِّ اظفار+ اور فصد و حجامت اور
خون براری بسائرِ اطوار+ اور قضائے حوائج کے
لیلیئے جانا نزدِ حکام و رؤسائے نامدار+ اور ابتدا
قرأت و کتابت اولاد صغار و کبار+ اور صحبت با
منکوحہ اور تسمیۂ اولادِ سعادت شعار+ اور کان
ناک چھیدنے اور ختنۂ اولادِ پُر انوار+ اور تلاشِ

معنی لڑائی ہے بلا انکار + اور تحصیلِ شیر کارِ شیرین ہے
عند اولی الابصار + اور کار شیرین سے تلخی اور لڑائی
کو کچھ مناسبت نہین زینہار + لہذا جناب رسولِ
مقبول نے اونپر درود نامعدودِ پروردگار + مرّہ
اور حرب کو اوس کار سے منع فرمایا با تاکیدِ بسیار +
اور یعیش کا معنی خوشی و خرّمی سے زندگانی کرنا ہے
لا کلام + لہذا فرمایا آپنے کہ اے یعیش بجالا تو یہ کام
بالاحترام + اور جب شارع کو دودہ دوہنے مین بھی
منظور ہے مناسبتِ نام + تو پھر کیونکر امورِ عظیمہ کی

یہ اصلِ اصیل ہے نگار + اور کتاب نجم المبین میں کُتب
معتبرہ سے مفصلاً ہے آشکار + کہ یکفر من یکفرنا و من
لا فلا + یعنے بہتر فرقۂ ناریّہ سے جو فرقہ ہماری کرے
تکفیر اوسکو ہم بھی نسبت کفر کی کرتے ہین بلا تقریر +
اور جو فرقہ ہماری طرف نسبتِ کفر نہ کرے اسے
ہوشیار + تو اوسکو ہم اہلِ سنت و جماعت بھی کافر
نہین کہتے زینہار + اللّٰھم اعصمنا من وساوس
ھفوات الملحدین والاباطیل + واحفظنا من
ھواجسِ ھزیانات المرتدین والمخذعبیل +

معاش باہمہ وجوہ روزگار + اور کشت کاری اور
ابتدائے تجارت وغرسِ اشجار + اور مانند انکے
سائرِ امور + افضلِ عبادات ہین بلا فتور + پس انکے
لیئے دریافتِ تخصیصِ فضلِ زمان ومکان اور نسبتِ
نام ہے ضرور + اور یہ نصوصِ قرآنیہ اور احادیثِ
صحیحہ لاثانیہ سے ثابت ہے باسرور + پس جو شخص
کسی کو نسبتِ شرک وکفر کرے بسببِ دریافت
تخصیصِ مذکور + تو لاریب وہ خود کافر مرتد ہوا نزدِ
علمائے ذوی الشعور + اور شرح منہج الروض الازہر مین


ولا تلقوا بایدیکم الی التهلکة
بمدد خالق عرشیات و فرشیات حافظ حرکات علویات و سفلیات رساله
اسباب السرور
لاصحاب الحبور
از تالیفات بنده مسکین محمد خیر الدین اناله الله حقوق المحبین
در مطبع گلزار حسنی واقع بمبئی طبع شد



بجاه نبيّنا وشفيعنا صاحب الرؤية
بالتبجيل، وصلِّ وسلم عليه وآله
وأصحابه ذوي القدر
الجليل

بسم اللہ الرحمن الرحیم والصلوٰۃ علی حبیبہٖ مع التسلیم

۱ بغیر بسم اللہ آغاز کرنا کارِ خیر + ممنوع اور ابتر
ہے موجبِ ضیر + جیساکہ بسم اللہ نہ پڑھنا ابتدائے
پانی شربت دودھ پینے اور طعام کھانے مین +
دوا کھانے لگانے بچے کو دودھ پلانے مین +
کپڑا پہرنے وضو کرنے بازار کو جانے مین +
مسجد مین داخل ہونے اور پھر باہر آنے مین +
اور بچے کو گود مین لینے او گھر سی باہر لیجانے مین +
کنگھی کرنے سر مین تیل ڈالنے آنکھ مین سرمہ



بیانِ خوش تبیان تعداد دو صد و یک امور

کہ موجبِ ہم و غم و افلاس و دین ہیں بالضرور

اور باعثِ نسیان و خسران ہیں نیز اہل شعور

اور بعض امور مورثِ قساوتِ قلب ہیں بے فتور

پس جو عورت اوسوقت بسم اللہ نہ پڑھے
تو نہایت مضرت اُٹھائے اور قبل جماع
بسم اللہ نہ پڑھنا اسے ابین + موجب دخل ابلیس
ہے بالیقین +

الفائدۃ الجلیلۃ العائدۃ الجمیلہ

کتاب منن کبریٰ تصنیف سیّدی عبدالوہاب
شعرانی مین مذکور ہے + اور تفسیر روح البیان
وغیرہ کتب دینیّہ مین بھی مسطور ہے + کہ شوہر
زوجہ قبل جماع تمام گناہون سے توبہ واستغفار

لگانے مین + دوکان کھولنے بند کرنے علی الترتیب
مال رکھنے رکھانے مین + چلنی سے آٹا چھانی
اور گوندھنے اور رہنڈیہ پکانے مین + لکھنے پڑھنے
قلم بنانے ورمشق لکھوانے مین + گاڑی گھوڑی کشتی
پر سوار ہونے اور سوار کرانے مین + گھرسے کسی کار کے
لیے باہر جانے اور پھر گھر آنے مین + عورت کا
مرد کو کپڑا پہنانے چارپائی فرش بچھانے مین
اور جب عورت کا شوہر گھر مین آئے تو عورت
بسم اللہ پڑہے اور اوسکی تعظیم بجالائے +

شوہر یا زوجہ کے زبان سے نکلا ہو تو اوسکی صلاح
عقدِ جدید سے ملحوظ ہو + اور اوسکی مضرت
سے اولاد محفوظ ہو + اور ہر دو بالکل برہنہ
بدن نہون زینہار + ایک چادر سے لابد اپنا
بدن ڈہانکین وہ نیکوکار + یا صدریہ وغیرہ
پارچہ پر اکتفا کرین وہ دیندار + حاصل یہ کہ
اوسوقت برہنہ نہون مثلِ بہائیم اے ہوشیار
کہ اوسمین مضرت عظیم ہے عند اولی الابصار + اور
اسطور تسمیہ پڑہین با قلبِ سلیم کہ بِسْمِ اللّٰہِ

کرین بالضرور + اور تجدید ایمان اور تجدید

نکاح یعنے ایجاب قبول آپس مین بجا لائین

با سرور + تاکہ پیدا ہو اولاد سعادت شعار

عصیان اور نسیان سے دائم ہو بیزار + کیونکہ

نظافت وکثافتِ والدین + اور طاعت و

معصیتِ ابوین + اولاد مین لاریب مؤثر

ہوتی ہے علی الدوام + اخبار و آثار سے

یہ امر ثابت ہے نزدِ علمائے اعلام + اور مبادا

غفلت وجہالت سے کوئی کلام مُبْطِلِ نکاح +

غیبر ہو + اور اسیطرح عورتکا غیبر اسی مین خیبر ہو
اور اسکے بعد سینہ سے سینہ لگاکر استراحت
بجالائین + اور پیٹھ سے پیٹھ لگاکر نہ لیٹین
کہ ایسین لابد مضرت پائین + اور قبلِ جماع ملاعبت
مسنونہ بھی بجالانا سزاوار ہے + اور تفصیل اسکی نزد
علمائے ربّانیین آشکار ہے + اگر دوسری مرتبہ
جماع کرنا درکار ہو + تو اوسوقت دو فرض غسل ادا
کرنا مختار ہو + یعنے کلّی مع غرغرہ کرین لاکلام +
اور ناک اندر سے دہوئین بالاہتمام + اور تیسرے

الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ + اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً
بِلُطْفِكَ الْعَمِيْمِ + پہر سورہ اخلاص ایکہزار تبہ ورد زبان ہے
ہرطور یاد الٰہی حرز جان ہو + پہر اپنے کارمین
مشغول ہو + امّا بنیک نیت سے یہ کار معمول ہو
یعنے اس کار سے کثرتِ امتِ محمّدیّہ مقصود ہو
باعثِ فخر سرور عالم صلعم ہو + اور بعد فراغت
دونو ایک کپڑے سے بدنِ مخصوص کو نکرین صاف
و پاک + کہ یہ موجبِ عداوت وجدائی ہے لئے
ہون وہ غمناک :: پس شوہر کا مندیل اس کار کیلئے

اور وضو کرنیکے پہلی یہ بسم اللہ پڑہے اے فہیم ؛ کہ

بِسْمِ اللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلَی الدِّیْنِ الْقَوِیْمِ

اور مسجد مین داخل ہوتے وقت یہ بسم اللہ پڑھنا

لازم ہے بلا امتنراء ؛ کہ بِسْمِ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ


عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ

وَاَدْخِلْنِیْ فِیْھَا اور مسجد سے نکلتے وقت

بھی یہی بسم اللہ پڑہے بالضرور ؛ مگر بجائے

رحمتک لفظ فضلک پڑہے باسرور ؛ اور کشتی

پر سوار ہوتے وقت یہ بسم اللہ پڑہے بفضل کریم ؛



فرض کے عوض مین تیمم کرین وہ نیکنام ؛ اور تسبیح
مذکورہ پڑہین بلا انکار ؛ اور سورہ اخلاص نہ پڑہین
زینہار ؛ اور جن راتون مین جماع ممنوع ہی
نزدِ علمائے کبار ؛ تو اونمین صحبت نکرین کہ
موجبِ مضرت ہے بسیار ؛ واللہ الہادی
وعلیہ اعتمادی اور طعام کہانے کے پہلے
اسطور بسم اللہ پڑہے با قلبِ سلیم ؛ کہ
بِسْمِ اللّٰہِ خَیْرِ الْاَسْمَاءِ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ
فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَاءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

نہ ہو آشکار ٭ اونمین خشک کنگھی پہرانا پانی سے

تر نہ کرنا زینہار

۷ حجام کا شانہ استعمال کرنا علی الدوام

۸ کنگھی کرنا درحالتِ قیام وخرام

۹ کنگھی پہرانے اور تیل لگانے مین اِسقدر تاخیر

کرین مردان و زنان کہ بال خشک الجھے رہین و پریشان

اور مدت استعمال شانہ مردونکے لیئے یہ ہے عند اولی

الابصار ٭ کہ بعد ایک روز کے یا ہر روز کنگھی کرین

بلا انکار ٭ اور اگر دفع فقر و دین اور ہم و غم شئین

کر بسم اللہ مجریھا و مرسیھا ان ربی لغفور الرحیم


۲ شانہ یعنے کنگھی شکستہ استعمال مین لانا

۳ شانہ مشترک ریش یا سر مین پہرانا

۴ شانہ غیر کا عاریۃً استعمال کرنا اے عزیز

۵ مکروہ وقت مین شانہ کرنا مورث فقر ہے نزد اہل تمیز

۶ خشک بالونمین خشک شانہ استعمال کرنا لیل ونہار ٭ یعنے وہ بال روکھے کہ جنمین چکناہٹ



۱۱ راتکو آئینہ دیکھنا منع ہے بالاتفاق

۱۲ بیٹھکر پگڑی باندھنا بلا فتور

۱۳ کھڑے ہوکر ازار پہرنا منع ہے بالضرور

۱۴ راہ مین پیشاب کرنا نہایت محظور ہے

۱۵ اور استادہ پیشاب کرنا موجبِ شرور ہے

۱۶ پیشاب کے اوپر سے گذرنا روا نہین لاکلام

۱۷ اور بیت الخلا مین برہنہ سر جانا ممنوع ہے علی الدوام

۱۸ برہنہ پشت و سر پیشاب کرنا موجبِ شر ہے

اے عزیز؛ خصوصًا شبِ شنبہ کو نزدِ اہلِ تمیز؛

اورظفرونصرتِ دارین کی نیت سے ڈارھی مین

ہرشب کومابین وترونفل کے شانہ کرین تونہایت

مُؤثروخوب ہے ؛ اوراگرہروضوکےبعدقبل

تحیۃ الوضونیت مذکورسے ڈارھی مین شانہ کرین تو

بھی مرغوب ہے ؛ اورچونکہ عورتونکواکثارزیب

وزینت روا ہے ؛ توانکوہرروزجبقدرشانہ

کرین جائزبیچون وچرا ہے ؛ ببشرطِ عدم مانع

والاممنوع بلاامترا ہے ؛


۱۰ حجام کاآئینہ دیکھنا علے الاطلاق

۲۵	اور قلم دو روپیہ بنانا عند اولی الابصار
۲۶	گھر مین یا اپنے ہمراہ تصویر رکھنا ذی روح ؛ اور روپیہ پیسا اس حکم مین داخل نہین ہی اہل فتوح ؛
۲۷	اور ناخن دراز رکھنا بلا عذر مقبول ؛ اور بعد ناخن تراشی انگشتانِ دست کو نہ دہونا مثل جہول ؛
۲۸	چہری اور چاقو یا دانت سے اوسکو کاٹنا منع ہی عند الفحول
۲۹	اولٹا کپڑا پہرنا یا پہروانا

۱۹	اور آب استادہ مین پیشاب کرنا نا روا ہے ؛ ہان آب جاری مین جائز بے چون و چرا ہے ؛
۲۰	تالاب مین غسل کرنا عریان ؛ اگرچہ موجود نہون مردان
۲۱	گرہ دار قلم سے تحریر کرنا
۲۲	اور جس قلم سی کچھ لکھا ہو اوسکی توقیر نہ کرنا ؛ مثلاً اوسکو پھینکنا یا جلانا یا اوسپر قط لگانا
۲۳	اور شکو از سر نو قلم بنانا ؛ یا قلم مستعمل کو قط لگانا
۲۴	اور خورد قلم سے تحریر کرنا لیل و نہار ؛ اور اندازہ خورد کا تخمیناً ہشت انگشت سی کم اے ہوشیار

۳۶	اور گذرنا مرد کا درمیان دو زنان
۳۷	اور گذرنا مرد و عورت کا درمیانِ بزران؛ و دیگر بہایم مثلِ گاؤ و شتران؛ اگر اتفاقاً گذر ہوا اونکی درمیان؛ تو او سوقت سورۂ کوثر کو نپڑھنا باصدقِ جنان
۳۸	اور گھر سے دور نہ کرنا جالائے عنکبوت
۳۹	اور کچرا گھر مین جمع کرنا یا علی باب البیوت
۴۰	بلا عذر طعام کہانا چارپائی یا سریر پر
۴۱	اور طعام کہاتے وقت بٹیھنا برہنہ سر

۳۰	بدنپر کپڑا پھرے ہوئے اوسکو سینا یا سلوانا
۳۱	راتکے وقت جھاڑو دینا ممنوع ہے* اور بعد عصر بھی اسی حکم مین مسموع ہے*
۳۲	بجائے جاروب کپڑے سے جھاڑو دینا* اور جائز ہے کپڑے سے بستر وغیرہ جھاڑ لینا*
۳۳	جائے پیشاب پر وضو یا غسل کرنا اے دیندار* اور جائے وضو پر پیشاب کرنا بالاختیار
۳۴	جائے براز پر پانی سے استنجائے مردمان
۳۵	اور وقت استنجا کشادہ رکھنا انگشتان



یعنے اونکو اسطور بے احتیاطی سے کہائے
کہ اونکا ریزہ پاؤن کے نیچے آئے ۞ یا اونگلیان
چاٹنے کو امر خفیف ٹھرانا ۞ یا بے چاٹے ہاتھ
پانی سے دہونا یا دہلوانا ۞ یا طعام کہانا بہ نشستِ متکبرین
یا بلا عذر نشست مسنونہ کو ترک کرے ای دو زمین
یا روٹی کو ایک ہاتھ سے توڑ کر کہائے ۞ یا چہری
سے کاٹے یا کانٹے سے منہہ مین لیجائے یا نہ چاٹنا
برتنِ ادام بعد فراغتِ اکل ای نیکنام ۞ یا پہونکسے
سرد کرنا گرم طعام ۞

۴۲	دونو ہاتھ پہچون تک نہ دہونا اول و آخرِ اکل طعام
۴۳	دانتو نسے روٹی کا ٹکرا کاٹنا بلا عذرا سے فہام؛
۴۴	اور طعام کی تعظیم نکرنا علے الدّوام؛ جیسا کہ انگشت آلودہ شوربا روٹی سے پوچہنا؛ اور اس فعل کو روٹی کی تحقیر نہ سوچنا + اور روٹی پہینکنا یا دیگر طعام + یا اوسکے اوپر سے گذرنا حقارت ہے لاکلام + یا کہانے کی چیز اسطور ننگی رکہنا بجمیع مقام + کہ اوسپر مگس و مچہر ہر طرف سے لائیں اژدحام یا روٹی وغیرہ ماکولات کا ریزہ آئے تحتِ اقدام

الفائدۃ السدیدہ والعائدۃ الحمیدہ

اکل طعام مین چار فرض ہین بے فتور * ہر ایک
اہل اسلام اوسے ماہر ہو بالضرور * ایک تو یہ کہ
دلمین اعتقاد رکہنا بصد اعتبار * کہ رازق روزیکا
ایک وہی ہے پروردگار * اپنی قوت اور ہنر
وعقل پر اعتماد نکرنا زینہار * دوسرا یہ کہ طلب
کرنا روزی حلال با کوشش بسیار * تیسرا جو
کچھ نان ونمک موجود ہو اوسپر راضی ہونا نہان
وآشکار * چوتہا اوس طعام کی قوت طاعت

۴۵	اور پانی مین پہونکنا بغیر پڑہے متبرک کلام ؛
۴۶	اور بعد کہانے پینے کے نہ کرنا شکر خدای رب العالمین ؛ اسطور سے کہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَاَسْقَانَا وَاجْعَلْنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ
۴۷	اور بعد فراغتِ طعام کے اہلِ انصاف ؛ نہ پڑھنا سورۂ اخلاص کو اور سورۂ لایلاف
۴۸	اور بعد اکل و شرب نعمت خدائے ذی انعام کے ؛ نہ دعائے خیر کرنا واسطے صاحب خانہ اہلِ طعام کے

ہاتھ دہونا اے فہام

۵۱ اور بائین ہاتھ سے بلا عذر کہانا جمیع ماکولات
اور پانی پینا اور شانہ کرنا اور سائر امورِ خیبرات
جیسا کہ مسواک کرنا آنکھ مین سرمہ لگانا ❊ اور جواب
سلام کا اشارہ بجالانا ❊ اور پکڑنا قرآن شریف
اور دیگر کتاب منیف ❊ اور سر پر اوسّے ٹوپی
پگڑی رکھنا اے فہام ❊ اور وضو مین اوسّے کرنا
سیدھے ہاتھ کا کام ❊ اور بائین ہاتھ کا کام
سیدھے ہاتھ سے کرنا بلا عذرِ تام ❊ جیسا کہ

اٹھی مین صرف کرنا لیل و نہار ⁂ واللہ المستعان

وعلیہ التکلان

۴۹ کھڑے ہو کر پانی پینا باعثِ اضطرار ہے ⁂ مگر

شش آب استادہ پینا موجبِ اجر بیشمار ہے ⁂

آبِ زمزم بقیۂ وضو اور پس نوشیدۂ والدین ⁂

اور اُستاذ اور عالمِ ربّانی اور مرشد نور العین ⁂

اور وہ بقیۂ آب کہ جسسے ہاتھ دہوئین مرد و زنان

⁂ اوسکو ہرگز ہرگز نہ پیئین ای نیکدان ⁂

۵۰ جس برتن مین کھائے کوئی طعام ⁂ اوسی برتن میں

اہل مجلس کے ہاتھ دُہلانا اور اونکے آگے کہانا
رکھنا بائین طرف سے فہیم ❊ فائدہ مسجد
مین داخل ہوتے وقت سیدھا پاؤن رکھنا
لازم ہے بلا انکار ❊ اور مسجد سے نکلتے وقت
بایان پاؤن جوتی پر رکھنا اے ہوشیار ❊ پہر
سیدہے پاؤنمین جوتی پہرکر بائین پاؤن مین
جوتی پہرنا بلا اضطرار ❊ تاکہ سیدھی طرف سے
جوتی پہرنا آغاز ہو حسب فرمودۂ سیّدِ مختار ❊
حیاۃ الحیوان مین مسطور ہے ❊ وغیرہ کُتب

استنجا وغیرہ خدمتِ اجسام ÷ اور اسیطرح

ہر کار توقیر وتزیین ÷ بائین طرفسی شروع کرنا ائین

جیساکہ ناخن اوتروانا بال موچھہ کترانا ÷ بغل

وسر منڈوانا آنکھہ مین سرمہ لگانا ÷ مسواک کرنا

شانہ بالونمین پہرانا ÷ اور پہرنا ازار وصدریہ وآستین

ہاتھہ پاؤن دہونا اور جوتی پہرنا اسے دور ہین ÷

اول بائین آستین چہڑانا وقت وضو ÷ اور

قبل تضائے حاجت سیدھی آستین چہڑانا

اسے نیکخو ÷ اور مجلس مین کوئی چیز کرنا تقسیم ÷ اور

۵۲ اور مسجد مین داخل ہوتے وقت پہلے سیدہا
پاؤن نہ رکھنا اسے امین ✤ اور نکلتے وقت
پہلے بایان پاؤن نہ نکالنا مثلِ غافلین ✤

۵۳ اور بیت الخلا مین داخل ہوتے وقت پہلے
بایان پاؤن نہ رکھنا زنہار ✤ اور نکلتے وقت
پہلے سیدہا پاؤن نہ رکھنا اسے دیندار

۵۴ شکستہ برتن مین کہانا کوئی چیز اور طعام

۵۵ شکستہ ظرف مین پانی وغیرہ چیز پینا اے نیکنام

۵۶ تاریکی مین طعام وغیرہ چیز کہانا بلا عذرِ تام

مین بھی مذکور ہے ÷ علامہ ابن جوزی سے مشہور
ہے کہ ان من واظب علی البدایۃ فی لبس
النعل بالیمین والخلع بالیسار امن من وجع
الطحال باذن اللہ المتعال یعنے جو شخص دائم
پہرنے جوتی مین سیدہی طرف اور اوتارنے مین
بائین طرفکو ملحوظ رکھے ÷ تو حق تعالی اوسکو عارضۂ
درد سپرز یعنے تلّی سے محفوظ رکھے ÷ اور اسطرح
سر ایک آغاز راست مین اسرار ہین ÷ اونسے ماہر
وارثان کبار ہین ÷

چھوڑنا تا آخر نہار

۶۱ کھلا سراحی وغیرہ ظروفِ آب + برہنہ رکھنا ای سعادت مآب


۶۲ مٹی سے ہاتھ دھونا نزد اہلِ تمیز

۶۳ ہر ایک تنکے یا قلم سے خلال کرنا ای عزیز

۶۴ جنابت کی حالت مین کوئی چیز کہانا بلا عذر ای ذی کمال

۶۵ بلا اذن کسی دعوت مین طعام کہانے کو جانا مثلِ جہال

۶۶ فقیرو نسے روٹی وغلہ وغیرہ خرید کرنا اسے



٥٧ دستر خوان پر وقت اکل طعام اے خبیرؔ
جو ریزہ گرے اوسکو اوسی وقت نہ کہانا از روئ
تحقیر

٥٨ اور اوس ریزہ کو بعد فراغتِ اکلِ طعام کہانا
بسببِ توقیر

٥٩ جو طعام دانتو نسے نکالا جائے وقتِ خلال
اوسکو پہر کہانا اے ذی کمال

٦٠ شبکو جن برتنون مین کہائے پکائے اونکو نہ دہونا
تا صبح زنہار اور دنکو جن برتنونمین کہائے اونکو ملوث

۷۳ اور نہائیت ممنوع ہے صحبت کرنا تحتِ اشجار

۷۴ اور اوسوقت مرد و عورت کا پر شکم ہونا ممنوع بے شمار

۷۵ عورت حرہ کو سر برہنہ کرنا لیل و نہار

۷۶ ازار کو سر کے نیچے رکھنا عند المنام

۷۷ اور پگڑیکی تعظیم نکرنا اے فہام ٭ جبکہ اوسکو
پاؤن کے نیچے رکھے کوئی نادان ٭ یا پاؤن پر
اوڑھے یا زمین پر پھیکے مثل احمقان ٭ یا کھولتے
وقت پیچ پیچ نہ کھولے اور توڑے ایکبار
یا پرانی پگڑیکا فتیلہ بنا کر اوسے افروختہ کرنے

ہوشیار

۶۷ باوجود اسودگی کے مفلسی کرنا آشکار

۶۸ اپنی عورت سے برہنہ پشت وطی کرنا مثل حمار

۶۹ اور اوسوقت کسی جانور کا روبرو ہونا موجب ضرر بسیار

۷۰ اور شبکو اوسوقت چراغ شمع وغیرہ کا افروختہ ہونا بہر انوار

۷۱ اور شوہر کا عورت کے اندام نہانی کو دیکھنا بلا عذر آشکار

۷۲ اور اوسوقت اونکے قرب مین اطفال کا ہونا بیدار

۸۱	اور مقراض سے کترنا موئے زیر ناف
۸۲	اور عورتونکو اُسترا استعمال کرنا بلا خلاف
۸۳	مُنہ کے پھونک سے چراغ کو بجھانا بہرحال
۸۴	جوتی کے تلے کو دیکھنا بعد استعمال
۸۵	جون کو زندہ پھینکنا زمین پہ یا فی النار یا اوسکو زندہ پانی مین ڈالنا مثل بعض کفار
۸۶	اکثر اوقات مسخر پیسے کرنا کلام ÷ اور گاہے گاہے خوش طبعی جائز ہے در بعض مقام
۸۷	کسی ظرف مین پیشاب کرنا بلا عذر ضعف

یا اوسے جائے بول و براز پونچھے کوئی حمار ؛

یا اوسکو فروختہ کرے کوئی حریص درم و دینار

۷۸ دروازہ کی چوکھٹ پر بیٹھنا ہمہ اطوار ؛ اور ایسا ہی جوتی پر بیٹھنا بلا اضطرار

۷۹ دروازہ کے ایک پاٹ کو بلا عذرِ آشکار ؛ پیٹھ لگا کر بیٹھنا لیل و نہار ؛

۸۰ ناک کے بال کو موچنے سے نکالنا موجبِ ضرر بسیار ہے ؛ اور مقراض سے کترنا سنت حضرات ابرار ہے ؛


۹۰	ایک دوسرے کے مندیل سے ہاتھ منہ پونچنا بے قیل وقال
۹۱	پاؤں اور منہ کیلیئے ایک ہی مندیل کرنا استعمال
۹۲	میت کے نزدیک اکل طعام ۔ اور قبر کے نزدیک بلا عذرِ تام
۹۳	اور قبرستان میں مسخری اور خندہ سی کرنا کلام
۹۴	جھوٹی قسم کھاتا در ہر کار ۔ اور عادتِ کثرت قسم لیل ونہار
۹۵	ٹھلیا صراحی نل سے منہ لگاکر پانی پینا بلا عذر جبار

بیماری ÷ یا دیر تک اوسکو قرب مین رکھنا
باامر اختیاری

۸۸ اگر کوئی شخص دے بلاطلب و سوال ÷ کوئی چیز
بعنایت ایزدِ متعال ÷ تو بلا عذر شرعی قبول
نکرنا وہ نوال ÷ شعر

چیزیکہ بے سوال رسد دادۂ خدا ست
آنرا تو رد مکن کہ فرستادۂ خدا ست
خَیْرُ النَّوَالِ ÷ مَا وَصَلَ قَبْلَ السُّوَالِ

۸۹ آستین یا دامن سے ہاتھ منہ پونچھنا بجای رومال



ہے بسیار +

۹۹	تدبیر نہ کرنا خرچ و اخراجات مین + صرف عیال والطفال اور خرچہ ذات مین
۱۰۰	بعد ادائے نماز فجر قبل طلوع آفتاب
۱۰۱	بعد ادائے نماز ظہر قبل عصر بلا ارتیاب
۱۰۲	اور درمیان عصر و مغرب عنداولی الالباب
۱۰۳	اور بعد نماز مغرب قبل ادائے عشا بلا عذر خورش آب ہر چہار وقت مسطور مین خواب ممنوع ہے اے کامیاب

اور عند الضرورت بغیر توسط کپڑے کے نہ پینا زیہار

۹۶	امانت مین خیانت کرنا آشکار ✤ اور خیانت ممنوع ہے بجمیع اطوار ✤ جیسا کہ بلا اذن مبلغات امانت کو صرف کرنا در کاروبار ✤ اور ظروف امانت کو استعمال کرنا بلا اضطرار ✤ اور سیطور پارچہ وکتب وغیرہ چیز کو استعمال
۹۷	سائل کو جھڑکنا اور اوس سے کرنا درشت گفتار
۹۸	جو اپنے سے بُرا ہو اوسپر سبقت کرنا در ہر کار ✤ راہ مین چلنے اور مجلس مین بیٹھنے اور بات کرنے مین اے دیندار ✤ اور سائر امور مین کہ جسکی تفصیل

ہان خریطہ جزو دان کے اوپر سے مس کرنا جائز ہے

بلا انکار

۱۰۸ وضو کرتے وقت کرنا دنیا کی کلام

۱۰۹ مسجد مین دنیا کی باتین کرنا صبح وشام

۱۱۰ کپڑے سے دانتونکو ملنا بجائے مسواک ، اور


مسواک سنت کو چھوڑنا بے باک

